21511-احترام والے اوراق کا کیا جائے

سوال

ان اخبارات اوراوراق کا کیا حکم ہے جن میں اللہ تعالی کے اسماء اورانبیاء کرام کے نام پائے جاتے ہیں مثلا عبداللہ، یا عبدالکریم وغیرہ ؟
ان اوراق کوہم کس طرح ضائع کریں ؟

پسندیدہ جواب

اس طرح کے اوراق جن میں اللہ تعالی کا ذکراوراحترام والے نام یا آیات قرآنیہ اوراحادیث نبویہ پائی جائیں ان کی حفاظت کرنا اوران کا خیال رکھنا واجب ہے اوریہ ضروری ہے کہ انہیں کسی ایسی جگہ پر نہ پھینکا جائے جہاں پر توہین کا پہلوں نکلتا ہویہاں تک کہ ان اوراق کی ضرورت نہ رہے ۔

اورجب ان اوراق سے فارغ ہوں اوران کی ضرورت ختم ہوجائے توانہیں یاتوکسی پاک صاف جگہ پر دفن کردیا جائے اوریا پھرانہیں جلادیا جائے اوریاانہیں کسی حفاظت والی جگہ سنبھال کررکھا جائے مثلاالماری وغیرہ میں ۔ .